10778-دوران وضوء شک پیدا ہونا

سوال

بعض اوقات ایسا ہوتا ہے کہ میں بھول جاتا ہوں کہ سر کا مسح کیا ہے یا نہیں کیا، اور اس میں مجھے کچھ راجح معلوم نہیں ہوتا تو میں نئے سرے سے وضو رکرتا ہوں, کیا ایسا کرنا صحیح ہے ؟

پسندیدہ جواب

اگر تو یہ شک وضوء مکمل کرنے کے بعد
پیدا ہو تو یہ شک معتبر نہیں، اور نہ ہی اس کی طرف دھیان دیا جائیگا، اور اگر وضوء
مکمل کرنے سے قبل پیدا ہو مثلا پاؤں دھوتے وقت یہ شک ہوا کہ آیا اس نے سر کا مسح
کیا ہے یا نہیں ؟ تو وہ سر کا مسح کر کے پاؤں دھوئے، اور ایسا کرنے میں کوئی زیادہ
تکلف بھی نہیں.

یہ تو اس صورت میں ہے اگر وہ زیادہ
شک میں بتلا نہیں ہوتا، لیکن اگر اسے کثرت شکوک کی بیماری لاحق ہے تو وہ اس کی طرف
توجہ نہ دے بلکہ جس پر وہ اس وقت ہے اسی پر بنا کرتے ہوئے وضوء مکمل کرے، یعنی اگر
وہ پاؤں دھو رہا ہے تو وہ اس کا یقین کرلے کہ اس نے سر کا مسح کیا ہے، اور اسی طرح
بقیہ اعضاء میں بھی.